# The Baptist Tabernacle of Los Angeles

Mailing Address:
P. O. Box 15308
Los Angeles, CA 90015
Phone: (213) 744-9999
E-mail: rlhymersjr@sbcglobal.net
www.sermonsfortheworld.com
www.baptisttabernacle.com




Jack Ngann
Pastor

Dr. R. L. Hymers, Jr.
Pastor Emeritus

دسمبر، 2022

پیارے دوست:

میں ایک خدا کی بخششوں والا بندہ ہوں۔ میں اپنے بچوں پر بہت فخر کرتا ہوں ۔ ویزلی ایریزونا میں رہتا ہے اور اپنے گرجا گھر میں اپنی ملازمت اور اپنی منادی کے ساتھ اچھا کام کر رہا ہے۔ اُس کی پہلی کتاب اگلے سال شائع ہوگی! لیسلی ایک کامیاب بزنس مین ہے اور اپنی بیوی جن اور اُنکے کے بچوں حنّہ، سارہ اور رابرٹ چہارم کے ساتھ لا کینارڈا-فلنٹریج کے ایک خوبصورت گھر میں رہتا ہے، جو الیانا اور مجھ سے زیادہ دور نہیں ہے۔ اس موسم بہار میں ہم رابرٹ چہارم کی پہلی سالگرہ کی تقریب میں گئے۔ اس کی عمر اب ڈھیڑ سال ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس کی زندگی میں [کرنے کے لیے] ابھی بہت کچھ باقی ہے!

اگست میں ہمارا پورا خاندان میرین کاؤنٹی، سان فرانسسکو کے شمال میں، چرچ آف دی اوپن ڈور کی 50ویں سالگرہ کے لیے گیا، یہ کلیسیا [گرجا گھر] میں نے اپنے دوستوں مائیک رائیلی اور راجر ہوفمین کے ساتھ 1972 میں قائم کیا تھا۔ انہیں، اور میرے پرانے دوست مارک بکلی اور کینٹ فلپاٹ، اور بہت سے دوسرے جو اس عظیم وقت میں ہمارے ساتھ تھے، [اُنہیں] دوبارہ دیکھ کر اچھا لگا۔ مائیک ریلی کا بیٹا جون اس گرجا گھر کے موجودہ پادری صاحب ہیں۔ اس گرجا گھر کی مذہبی خدمات [کی وجہ] سے دنیا بھر میں چالیس سے زائد گرجا گھروں کی بنیادیں رکھی گئی ہیں۔ واقعی خدا کا پھل بہت وافر ہوتا ہے!

وہ وقت جب ہم سان گیبریئل میں اپنی نئی عمارت میں مل سکتے ہیں اور قریب تر آتا جا رہا ہے۔ کام تقریباً ختم ہو چکا ہے، اور ہم ضروری اجازت نامے حاصل کرنے کے لیے شہر اور کاؤنٹی کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ ہمارا نیا گرجا گھر چینیوں کے لیے ایک مشن ہو گا، جسے کرنے کے لیے خدا نے مجھے بہت پہلے بلایا تھا۔ یہ ایک ایسے علاقے میں ہے جہاں چینی لوگوں کی بہت زیادہ آبادی ہے اور اسے ''عظیم لاس اینجلز کی بپتسمہ دینے والی چینی عبادت گاہThe Chinese Baptist Tabernacle of Greater Los Angeles'' کا نام دیا گیا ہے۔ چین سے آئے ہوئے لوگ ہمارے پاس پہلے سے ہی ہمارے ساتھ گرجا گھر میں آ رہے ہیں۔ جیک نعانJack Ngann، ہمارے نئے پادری صاحب، براہ راست اور بغیر کسی ٹال مٹول کے واضح طور پر واعظوں کی تبلیغ کرتے ہیں۔ وہ ہر اتوار کو ڈاکٹر کرسٹوفر کیگن کے ساتھ عبادت کے بعد گمراہ لوگوں کی مشاورت کرتے ہیں، انہیں مسیح میں بھروسہ دلانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔

ستمبر میں الیانا کے والد رافائیل کیولر اپنے بیٹے جارج کے ساتھ گوئٹے مالا سے ہمیں ملنے کے لیے آئے۔ رافائیل ایک اچھا انسان ہے۔ اب ان کی عمر 92 سال ہے اور جسمانی اور ذہنی طور پر وہ اب بھی چُست و چالاک ہیں۔ مجھے فخر ہے کہ وہ میرے سسر ہیں۔ اُنہیں لیسلی ویزلی اور اپنے پوتے پوتیوں، کے ساتھ ڈوجرز بیس بال کا کھیل دیکھنے جانا اچھا لگا۔ ایک دن ہم اُنہیں سانتا مونیکا کی گھاٹ پر لے گئے اور ایک ساتھ بہت اچھا وقت گزارا!

میں آپ کو اپنے دو خاص دوستوں کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں۔ ایک ڈاکٹر ڈیوڈ سٹرن ہیں۔ اکتوبر میں وہ 86 سال کی عمر میں یروشلم سے جنت گئے۔ اُنہوں نے اور اُن کی اہلیہ مارتھا نے دل کھول کر اسرائیل اور مشرق وسطیٰ کے ہمارے ہنی مون کے سفر کے اخراجات پورے کئے تھے۔ ہم ان کے گھر میں رہے۔ ڈیوڈ مسیحی یہودیت کے بانیوں میں سے ایک تھے۔ اِن کا سب سے بڑا کام، ''مکمل یہودی بائبل،'' مسیحیت کی یہودی جڑوں کی مضبوط گواہی ہے۔ یہ ظاہر کرتا ہے، اور ہمیشہ رہے گا، کہ یسوع یقینی طور پر یہودیوں کے لیے اتنا ہی ہے جتنا کہ وہ غیر قوموں کے لیے ہے۔

میرے دوسرے خاص دوست ڈاکٹر بل ہیتھاوے ہیں، جو کئی سالوں سے جاپانیوں کے لیے مشنری ہیں۔ وہ خدا کے بُلائے ہوئے مبلغ ہے۔ اگرچہ اُن کی عمر 92 سال ہے، اُنہیں کینسر ہے، اور اُنہیں دل کا دورہ پڑا ہے، لیکن وہ اب بھی امریکی اور جاپانی لوگوں کو تبلیغ کرتے ہیں۔ وہ شخص ہار کبھی نہیں مانے گا! میں بل کا احترام کرتا ہوں اور اس سے بہت پیار کرتا ہوں۔

میری بیوی الیانا پوری دنیا میں سب سے زیادہ پیار کرنے والی اور دیکھ بھال کرنے والی بیوی ہے۔ میں کبھی بھی کچھ مانگ سکتا تھا وہ اس سے کہیں زیادہ ہیں۔ ہماری 40ویں سالگرہ 27 ستمبر کو تھی۔ 25 تاریخ کو گرجا گھر اور ہمارے بیٹے رابرٹ لیسلی سوئم نے بربینک کے کاسٹ وے ریسٹورنٹ میں ہمارے لیے ایک زبردست سالگرہ کی تقریب کا اہتمام کیا۔ گرجا گھر کے لوگوں نے ویڈیو پر گواہیاں دی۔ میرے بیٹے جان ویزلی اور رابرٹ لیسلی نے ذاتی طور پر بات کی، جیسا کہ ہمارے نئے پادری، جیک نعان نے کیا۔ میں چینی گرجا گھر میں اپنے پرانے دوست ڈاکٹر جیکسن لاؤ اور اپنے ہائی اسکول کے دوست کلیئر ہائی بی کو دیکھ کر بہت خوش ہوا۔ ہم نے انتہائی شاندار وقت گزارا!

مجھے پچھلے سال فالج ہوا تھا۔ لیکن مجھے ابھی گیا گزرا نہ سمجھیں! میں  طویل مدت کے لیے یہیں رہنے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ میرے ڈاکٹر نے ایک بار مجھے کہا، ''تم غیرمعمولی طور پر پُرعزم اور استقامت کے حامل ہو۔'' برسوں پہلے، میں نے دعا کی تھی کہ میں اب سے دس سال بعد اپنی 50ویں سالگرہ تک زندہ رہوں۔ جیسا کہ خدا عطا کرتا ہے، مجھے وہاں تک پہنچنے کی امید ہے!

میں ایک بار پھر حیات نو کو دیکھنے کی دعا کرتا ہوں۔ میرا پسندیدہ زبور کہتا ہے، ''مجھے اب بھی اِس بات کا یقین ہے کہ میں زندوں کی سرزمین پر خداوند کے احسان کو دیکھ لوں گا'' (زبور27: 13)۔ میں نے خُداوند کی بھلائی دیکھی – حیاتِ نو – چینی گرجا گھر میں، اور دوبارہ یسوع کی تحریک میں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ میں اپنے ہی گرجا گھر میں ایک بار پھر حیات نو دیکھ سکوں!

***آپ ہمارے سینکڑوں لفظ بہ لفظ واعظوں اور اسباق کو چھیالیس زبانوں میں***
***WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM پر پڑھ سکتے ہیں۔***

اس کرسمس کے موقع پر میں دعا کرتا ہوں ، ''خداوندا ، ایسا ہی رہنے دے۔'' اور آپ ایک شاندار وقت گزاریں جب آپ اُس کے اپنے بیٹے کو ہماری خاطر پیدا ہونے اور قربان ہو جانے کے لیے خدا کے ناقابلِ بیان تحفے (II کرنتھیوں9: 15) کو مناتے ہیں!

مسیح کے نام میں آپ کا اپنا،



محترم آر۔ ایل۔ ہائیمرز، جونیئر،
Litt.D. ،Th.D. ،D.Rel. ،D.Min.
فلپیوں4:13



میرے گھر والے اور میں اپنے دیرانہ دوست مائک رائیلی (میرے دائیں طرف) کے ہمراہ اور اسٹیو اور نینسی کراس ، طویل مدت سے گرجا گھر کے ممبران، اِتحادِ نو کے موقع پر۔



یہاں پر میں چرچ آف دی اوپن ڈور کی 50 ویں سالگرہ کے موقع پر فتح کی علامت V پیش کر رہا ہوں!



ہماری 40 ویں سالگرہ کے موقع پر ڈاکٹر جیکسن کے ساتھ میں اور الیانہ۔



مجھے اپنے پوتے رابرٹ اور پوتیوں سارہ اور حنّہ کو گلے لگانا پسند ہے۔




رابرٹ چہارم کی پہلی سالگرہ۔ بائیں سے دائیں: جن کے والد مسٹر کم، روایتی کورئین لباس میں جن، سارہ ، رابرٹ سوئم جو رابرٹ چہارم کو اُٹھائے ہوئے ہیں، میں بہت مسکراتے ہوئے، الیانا، سارہ، ویسلی، اور الیانا کی والدہ لینڈا۔



ہماری 25 سالگرہ کی تصویر کے سامنے، ہماری 40 ویں سالگرہ کے جشن کے موقع پر میں اور الیانہ۔



ہمارے جڑواں بیٹے جان ویسلی اور رابرٹ لیسلی ان کی سالگرہ کے موقع پر رابرٹ چہارم اور میرے ساتھ۔



سامنے: ہننا اور سارہ کے ساتھ رابرٹ سوئم III، الیانا رابرٹ چہارم کو تھامے ہوئے، اور میں۔ پیچھے: لنڈا، جن، رافیل اور جارج کیولر، اور الیانا کا بھائی ایرون کیولر۔

***آپ ہمارے سینکڑوں لفظ بہ لفظ واعظوں اور اسباق کو چھیالیس زبانوں میں***
***WWW.SERMONSFORTHEWORLD.COM پر پڑھ سکتے ہیں۔***